## سوال

(170) منگیتر کے بارے میں معلومات کس طرح حاصل کی جائیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب میں کسی لڑکی سے منگنی کرنے جاؤں تو اس سے کس طرح بات کروں تاکہ اس کا عقیدہ، تقویٰ، خلق اور ادب معلوم کر سکوں؟ کیا اس کے ساتھ بیٹھنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

منگنی کرنے والا خلوت کے بغیر منگیتر کو دیکھ سکتا ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ سے اس کی اجازت ثابت ہے، شادی کی مصلحت سے متعلق ضروری باتوں کے بارے میں وہ منگیتر اور اس کے وارثوں سے معلومات حاصل کر سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**کتاب النکاح : جلد 3 صفحہ 146**

محدث فتویٰ